# 20 HADEES

## Arba'een An-Nawawi

Imam Yahya bin Sharf An Nawawi رحمه الله




## ISLAMIC QUIZ COMPETITION 2024

www.knowledgeisdeen.in

# HADEES LIST

۱۔ اصلاحِ نیت کی ضرورت و اہمیت

۲۔ اسلام، ایمان اور احسان کے مفاہیم

۳۔ ارکانِ اسلام

۴۔ انسان کے تخلیقی مراحل اور انجام آخرت

۵۔ مذمت بدعت

۶۔ حلال، حرام اور اصلاحِ قلب

۷۔ اخلاص، خیرخواہی، وفاداری

۸۔ تحفظ جان و مال مسلم

۹۔ اطاعت رسول کی فرضیت اور کثرت سوالات کی ممانعت

۱۰۔ اکل حلال کی اہمیت اور کسب حرام کی مذمت

# HADEES LIST

۱۱۔ اجتناب شبہات

۱۲۔ مسلمانوں کا غیر متعلق امور سے اجتناب و احتراز

۱۳۔ اسلامی اخوت، تکمیل ایمان

۱۴۔ خونِ مسلم کی حرمت اور جواز قتل کی تین صورتیں

۱۵۔ اسلامی آدابِ معاشرت

۱۶۔ غصہ سے ممانعت

۱۷۔ ہر کام سلیقے سے اور ہر ایک سے حسن سلوک

۱۸۔ تقویٰ اور حسن اخلاق

۱۹۔ تقدیر اور توکل

۲۰۔ شرم و حیا جزو ایمان ہے

# HADEES # 1

## ۱۔ اصلاحِ نیت کی ضرورت و اہمیت

امیر المؤمنین ابو حفص عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا "تمام اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کو اس کی نیت کے مطابق جزا ملے گی۔ جس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لئے ہو تو اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لئے ہے۔ اور جس کی ہجرت حصولِ دنیا کے لئے یا کسی عورت سے نکاح کی غرض سے ہو تو اس کی ہجرت اسی چیز کے لئے ہے جس کے لئے اس نے ہجرت کی۔"

# HADEES # 2

## ۲۔ اسلام' ایمان اور احسان کے مفاہیم

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں "ایک دن ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ اچانک ایک شخص نمودار ہوا جس کا لباس انتہائی سفید اور بال سخت سیاہ تھے اس پر سفر کے آثار دکھائی دیتے تھے نہ ہم میں سے کوئی اسے پہچانتا تھا (وہ آیا) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب اس طرح بیٹھا کہ اس نے اپنے گھٹنے آپ کے گھٹنوں کے ساتھ ملا دیئے اور اپنے ہاتھ اپنی (یا آپ کی) رانوں پر رکھ دیئے اور کہا: "اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! مجھے اسلام کے بارے میں بتائیے (کہ اسلام کیا ہے؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اسلام یہ ہے کہ تو گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور یہ کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں' نماز ادا کرے' زکوٰۃ دے' رمضان کے روزے رکھے' اور استطاعت ہو تو بیت اللہ کا حج کرے۔" اس نے کہا: "آپ نے سچ فرمایا" حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہمیں تعجب ہوا کہ وہ خود سوال کرتا ہے اور خود ہی جواب کی تصدیق کرتا ہے۔

پھر اس نے کہا: "مجھے ایمان کے بارے میں بتائیے" (کہ ایمان کسے کہتے ہیں) آپ نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ پر، فرشتوں پر، اس کی نازل کردہ کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، آخرت پر، اور اچھی بری تقدیر پر ایمان رکھے۔" اس نے کہا: " آپ نے بالکل درست فرمایا" پھر اس نے کہا: احسان کے بارے میں بتلائیے" (کہ احسان کسے کہتے ہیں؟) آپ نے فرمایا: (احسان یہ ہے کہ) تو اللہ تعالیٰ کی عبادت یوں کرے گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر یہ مقام حاصل نہ ہو تو کم از کم یہ خیال رہے کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے (اگرچہ تم نہیں دیکھ رہے) (امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے یہی ترجمہ صحیح قرار دیا ہے) پھر اس نے کہا: کہ مجھے قیامت کے بارے میں بتلائیے"؟ (کہ کب آئے گی؟) آپ نے فرمایا: "اس کے متعلق میرا علم تمہارے علم سے زیادہ نہیں۔" اس نے کہا: "تو پھر اس کی نشانیاں ہی بتلا دیں۔" آپ نے فرمایا:

---

کہ اس کی نشانیاں یہ ہیں کہ لونڈیاں اپنی مالکاؤں کو جنم دینے لگیں، اور تم ننگے پاؤں، ننگے جسم، تنگ دست، بکریوں کے چرواہوں کو دیکھو کہ وہ عمارتوں کی تعمیر میں حد سے تجاوز کرنے لگیں گے۔" اس کے بعد وہ سائل چلا گیا۔ کچھ وقت گزرنے کے بعد آپ نے فرمایا: "عمر! جانتے ہو یہ سائل کون تھا"؟ میں (عمر) نے کہا: "اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔" آپ نے فرمایا: "یہ جبریل تھے، جو تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔"

www.knowledgeisdeen.in

# HADEES # 3

## ۳۔ ارکانِ اسلام

ابو عبدالرحمٰن، سیدنا عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا "اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے: گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان المبارک کے روزے رکھنا۔"

# HADEES # 4

## ۴۔ انسان کے تخلیقی مراحل اور انجام آخرت

ابو عبدالرحمٰن، سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں صادق مصدوق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے بیان فرمایا: "تم میں سے ہر ایک کی تخلیق یوں ہوتی ہے کہ وہ والدہ کے پیٹ میں چالیس یوم تک نطفہ کی صورت میں، اس کے بعد اتنے ہی روز تک جمے ہوئے خون کی صورت میں اور اس کے بعد اتنے ہی روز گوشت کے لوتھڑے کی صورت میں رہتا ہے۔ بعد ازاں اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجا جاتا ہے وہ آ کر اس میں روح پھونکتا ہے اور اسے اس پیدا ہونے والے کے متعلق چار باتیں، رزق، عمر، عمل، اور اس کے شقی (بدبخت) یا سعید (نیک بخت) ہونے کے متعلق، لکھنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ اس اللہ تعالیٰ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں تم میں سے کوئی آدمی اہل جنت کے سے اعمال کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے مابین صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے تو اس پر وہ سابقہ تحریر غالب آجاتی ہے اور وہ شخص اہل جہنم کا سا عمل کر کے جہنم میں چلا جاتا ہے اور ایک شخص اہل جہنم کے سے عمل کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے اور جہنم کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے تو وہ سابقہ تحریر غالب آ جاتی ہے۔ اور وہ شخص اہل جنت کا سا عمل کر کے جنت میں چلا جاتا ہے۔"

# HADEES # 5

## ۵۔ مذمت بدعت

ام المؤمنین ام عبداللہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص ہمارے دین میں کسی ایسی بات کو جاری کرے جو اس دین میں نہیں ہے۔ تو وہ بات (عمل) مردود ہے۔" مسلم کی روایت کے الفاظ یوں ہیں: "کہ جو شخص ایسا عمل کرے جس کا ہمارے دین میں حکم نہیں تو وہ (عمل) مردود ہے۔"

# HADEES # 6

## ٦۔ حلال، حرام اور اصلاحِ قلب

ابو عبداللہ سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ "حلال چیزوں کا حکم بالکل واضح ہے اور حرام چیزوں کا حکم بھی واضح ہے ان دونوں (حلال و حرام) کے درمیان کچھ امور متشابہ ہیں جن کی حلت و حرمت کو اکثر لوگ نہیں جانتے پس جو شخص اس قسم کی غیر واضح اشیاء سے بچ گیا اس نے اپنے دین اور عزت کو بچالیا۔ اور جو شخص اس قسم کے امور کو اختیار کرنے لگے وہ حرام میں جا پڑے گا جیسا کہ کوئی چرواہا چراگاہ کے آس پاس جانوروں کو چرائے تو ہو سکتا ہے کہ جانور چراگاہ میں جا پہنچیں۔ خبردار! ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی چراگاہ سے مراد اس کی حرام کردہ اشیاء ہیں۔ خبردار! جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے اگر وہ درست ہو تو سارا جسم درست رہتا ہے اور اگر وہ خراب ہو جائے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ خبردار! وہ گوشت کا ٹکڑا دل ہے۔"

# HADEES # 7

## ۷۔ اخلاص، خیر خواہی، وفاداری

ابو رقیہ سیدنا تمیم بن اوس داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دین خیر خواہی کا نام ہے۔" ہم (صحابہ) نے کہا۔ (خیر خواہی) کس کے لئے ہو؟ آپ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کے لئے، اس کی کتاب کے لئے، اس کے رسول کے لئے، مسلمانوں کے حکمرانوں اور عوام کے لئے۔"

# HADEES # 8

## ۸۔ تحفظ جان و مال مسلم

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے جنگ کرتا رہوں تا آنکہ وہ گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں۔ جب وہ یہ کام کرلیں تو وہ مجھ سے اپنے خون اور اموال محفوظ کرلیں گے سوائے کسی اسلامی حق کے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا۔"

# HADEES # 9

## ۹۔ اطاعت رسول کی فرضیت اور کثرت سوالات کی ممانعت

سیدنا ابو ہریرہ عبدالرحمٰن بن صخر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا "میں تمہیں جس کام سے منع کروں اس سے باز رہو اور جس کام کا حکم دوں اسے بقدر استطاعت بجالاؤ تم سے پہلے لوگوں کو ان کے کثرت سوالات اور انبیاء سے اختلاف نے ہلاک کر ڈالا تھا۔"

# HADEES # 10

## ۱۰۔ اکل حلال کی اہمیت اور کسب حرام کی مذمت

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بے شک اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ صرف پاک چیز ہی قبول کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو وہی حکم دیا ہے جو رسولوں کو دیا ہے" چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اے میرے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اچھے عمل کرو۔ اور اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان سے فرمایا: اے ایمان والو! ہم نے جو پاکیزہ چیزیں تمہیں دی ہیں ان میں سے کھاؤ۔ اس کے بعد آپ نے اس شخص کا ذکر کیا جو طویل سفر کرے اس کے بال پراگندہ اور خود غبار آلود ہو وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا اٹھا کر یارب! یارب! کہے مگر اس کی حالت یہ ہو کہ اس کا کھانا' پینا' لباس اور غذا ہر چیز حرام ہو تو اس کی دعا کیسے قبول ہو۔"

# HADEES # 11

## ۱۱۔ اجتناب شبہات

رسول اللہ ﷺ کے نواسے اور آپ کی خوشبو ابو محمد سیدنا حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان حفظ کر رکھا ہے "جو بات تمہیں شک میں مبتلا کرے اسے ترک کر دو اور جس میں کوئی شک و شبہ نہ ہو اسے اختیار کرو۔"

# HADEES # 12

## ۱۲۔ مسلمانوں کا غیر متعلق امور سے اجتناب و احتراز

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "انسان کے حسن اسلام میں سے یہ بھی ہے کہ وہ ان کاموں کو ترک کر دے جن کا کوئی فائدہ نہیں۔"

# HADEES # 13

## ۱۳۔ اسلامی اخوت، تکمیل ایمان

رسول اللہ ﷺ کے خادم ابو حمزہ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم ﷺ سے بیان کرتے ہیں، آپ نے فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مکمل ایمان دار نہیں ہو سکتا جب تک کہ اپنے (مسلمان) بھائی کے لیے وہی نہ پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔"

# HADEES # 14

## ۱۴۔ خونِ مسلم کی حرمت اور جواز قتل کی تین صورتیں

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "(مندرجہ ذیل) تین صورتوں کے علاوہ کسی مسلمان کا خون حلال نہیں، جو یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ ① شادی شدہ زانی۔ ② جان کے بدلے جان (قاتل) ③ دین کا تارک، جماعت سے علیحدگی اختیار کرنے والا۔"

# HADEES # 15

## ۱۵۔ اسلامی آدابِ معاشرت

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اچھی بات کہے یا پھر خاموش رہے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے ہمسائے کی عزت کرے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو اور یوم آخرت کو مانتا ہے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔“

# HADEES # 16

## ۱۶۔ غصہ سے ممانعت

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: آپ مجھے وصیت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا: ”غصہ نہ کیا کرو“ اس نے بار بار اپنا سوال دہرایا تو آپ نے بھی ہر بار یہی جواب دیا کہ غصہ نہ کیا کرو۔“

# HADEES # 17

۱۷۔ ہر کام سلیقے سے اور ہر ایک سے حسن سلوک

سیدنا ابو یعلیٰ شداد بن اوس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: ”بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے پس جب تم قتل کرو تو اچھے طریقے سے قتل کرو اور جب ذبح کرو تو بھی اچھے طریقے سے ذبح کرو۔ تمہیں چاہیئے کہ اپنی چھری کو خوب تیز کر لو اور ذبیحہ کو راحت پہنچاؤ۔“

# HADEES # 18

۱۸۔ تقویٰ اور حسن اخلاق

سیدنا ابو ذر جندب بن جنادہ رضی اللہ عنہ اور ابو عبدالرحمٰن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھا کرو اور گناہ کے بعد نیکی کر لیا کرو‘ وہ نیکی اس گناہ کو مٹا ڈالے گی۔ اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آیا کرو۔“

# HADEES # 19

## ۱۹۔ تقدیر اور توکل

سیدنا ابو العباس، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک روز میں نبی اکرم ﷺ کے پیچھے تھا تو آپ نے فرمایا: "اے لڑکے! میں تمہیں چند (مفید) باتیں بتاتا ہوں۔ تو اللہ تعالیٰ کے احکام کی حفاظت کر (اس کے احکام کی پابندی کر) وہ تیری حفاظت کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ کے احکام کی حفاظت کر، تو اسے اپنے سامنے پائے گا، جب تو سوال کرے تو اللہ تعالیٰ ہی سے سوال کر۔ جب تو مدد طلب کرے تو اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگ۔ یاد رکھ ساری دنیا جمع ہو کر تجھے فائدہ پہنچانا چاہے تو وہ تجھے کسی بات کا فائدہ اور نفع نہیں دے سکتی سوائے اس کے جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لیے مقدر کر رکھا ہے۔ اور اگر سارے لوگ مل کر تجھے نقصان پہنچانا چاہیں تو وہ تیرا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے سوائے اس نقصان کے جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے مقدر کر رکھا ہو۔ قلم اٹھا لیے گئے اور صحیفے خشک ہو چکے ہیں۔"

(ترمذی نے اسے حسن صحیح کہا ہے) ترمذی کے علاوہ دوسرے محدثین کی روایت میں یوں ہے "تو اللہ تعالیٰ کے احکام کی حفاظت کر تو اسے اپنے سامنے پائے گا۔ تو خوش حالی میں اس کی طرف رجوع کر وہ تنگ دستی کے وقت تیری مدد فرمائے گا۔ یاد رکھو! جو چیز تمہیں نہیں ملی وہ تمہیں مل ہی نہیں سکتی تھی اور جو کچھ تجھے مل گیا اس سے تو محروم نہیں رہ سکتا تھا۔ یاد رکھو! اللہ تعالیٰ کی مدد صبر سے وابستہ ہے۔ اور تکالیف و مصائب کے بعد کشادگی اور فراخی آتی ہے۔ اور تنگی کے بعد آسانی بھی ہوتی ہے۔"

# HADEES # 20

## ۲۰۔ شرم و حیا جزو ایمان ہے

سیدنا ابو مسعود عقبہ بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "سابقہ نبوت کے کلام میں سے لوگوں نے جو باتیں پائی ہیں' ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جب تو حیا چھوڑ دے تو جو دل چاہے کر۔"

# INTRODUCTION

- Kitab ka naam Arba'een An Nawawi hai jiska ma'ana hai Imam Nawawi ki 40 hadees ki kitab
- Is kitab ke musannif ka pura naam Imam Abu Zakariyya Yahya bin Sharaf An Nawawi hai
- Is kitab me kul 42 hadees hain
- Ye 42 hadeese Deen-e-Islam ke sabse aham tareen mouzu jaise aqeedah, akhlaaq, roohaniyat etc. se talluq rakhti hain jinka janna har musalman par zaroori hai
- Zyadatar hadeese mukhtasar aur samajhne ke lihaaz se bahut aasaan hain
- Ye kitab aawaam aur ulama me bahut mashoor aur maqbool hain Alhamdulillah
- Aapki paidaish 631 Hijri me Nawa naami ek basti me hui jo Damishq (Damascus, Syria) me hai
- Aapke basti Nawa se hi aapka laqab An-Nawawi pad gaya
- Aapke kuch mashoor kitabo ke naam ye hain - Riyadh us Saliheen, Sharah Sahih Muslim aur Kitab Al Azkaar
- Aapka inteqal aapke hi basti Nawa me 676 Hijri me hui

# Hadees # 1

Notes

- Is hadees ke rawi Ameer-ul-Mu'mineen Abu Hafs Umar bin Al-Khattab radhiallahu anhu hain
- Ameer-ul-Mu'mineen ka matlab hota hai Musalmano ka Ameer/Imam/Leader
- Ye laqab (title) sabse pehle Umar bin Al-Khattab ko diya gaya
- Umar bin Al-Khattab ki kunniyat Abu Hafs hai, kyonki Hafsah radhiallahu anha unki badi beti thi.
- Hafsah radhiallahu anha ka nikah Nabi ﷺ se hui thi, is liye rishte me Umar bin Al-Khattab Nabi ke sasur hue
- Umar bin Al-Khattab musalmano ke doosre khalifah the, aapki khilafat ki muddat 10 saal se zyada rahi
- Tamaam aamaal ka daromadar niyyat par hota hai
- Allah ko razi karne ki niyyat hogi toh uspar ajar o sawaab milega, duniyawi maqsad ke liye amal karenge to uspar koi ajar nahi milega
- Hijrat ka matlab hai - Allah ke khatir aur uske deen par chalne ke liye ek jagah se doosre jagah chale jana, chahe ek shahar se doosre shahar ya ek mulk se doosre mulk.
- Yeh hadees is baat ka sabaq deti hai ki hame apne amal ki niyyat ko saaf rakhna chahiye
- Har amal ka asal maqsad Allah ki khushnoodi aur uske Rasool ﷺ ki ita'at honi chahiye

# Hadees # 2

Notes

- Is hadees ke rawi Umar bin Al-Khattab radhiallahu anhu hain
- Ye hadees Hadees-e-Jibraeel ke naam se mashoor hai
- Is hadees me 5 cheezo ke baare me bataya gaya hai
    a. Islam kya hai?
    b. Iman kya hai?
    c. Ihsan kya hai?
    d. Qayamat kab aayegi?
    e. Qayamat ki nishaniyaan kya hain?
- Jibraeel A.S. intehayi safed kapdo me Nabi se milne aaye the
- Islam 5 cheezo ka naam hai, yehi Islam ke arkaan bhi hain:
    - Gawahi dena ki Allah taa'la ke siwa koi sachha ma'bood nahi aur gawahi dena ki Muhammad ﷺ Allah taa'la ke rasool hain
    - Namaz qayam karna
    - Zakat adaa karna
    - Ramzan ke roze rakhna
    - Ist'taa'at ho toh baitullah ka hajj karna
- Iman 6 cheezo ka naam hai aur yehi Iman ke arkaan bhi hain:
    - Allah taa'la par iman rakhna
    - Allah taa'la ke farishto par iman rakhna
    - Allah taa'la ke kitabo par iman rakhna
    - Allah taa'la ke rasoolo par iman rakhna
    - Aakhirat ke din par iman rakhna
    - Achhi aur buri taqdeer par iman rakhna

# Hadees # 2

Notes

- Ihsan ka maa'na hai ki hum Allah taa'la ki ibadat aise karen jaise hum usey dekh rahe hain aur agar ye khyaal nahi aa pata toh kam se kam ye khyaal rahe ke Allah hame dekh raha hai
- Allah ke Rasool ﷺ ko bhi qayamat ka ilm nahi tha ki woh kab aayegi, iska ilm Allah taa'la ke siwa kisi ke paas nahi
- Qayamat ke 2 nishaniyaan is hadees me batayi gayi hai
  - Jab laundiyaan apne mallikaon ko janam dengi (yani bachhe walidain par hukm jamayenge)
  - Nange paon, nange jism bakriyon ke charwahe oonchi oonchi imaratein banane me muqabala karenge
- Jibraeel A.S. ke jane ke baad Nabi ﷺ ne sahabah ko bataya ki woh shakhs Jibraeel A.S. the
- Jibraeel A.S. sahabah ko unka deen sikhane aaye the
- Is hadees se ye pata chala ki deen e Islam ki sabse zaroori batein yehi hain - Islam, Iman aur Ihsan
- Islam, Iman aur Ihsan - Ye deen ke 3 darje (levels) hain
- Islam deen ka sabse pehla darja hai jisme tawheed se lekar Hajj tak ke aamaal hain
- Iman deen ka doosra darja hai jo dil ki tasdeeq, zuban se iqrar aur jawareh (jism) se amal karne ka naam hai
- Ihsan deen ka sabse kaamil aur aakhri darja hai jisey paane ki koshish karte rehna chahiye

# HADees # 3

Notes

- Is hadees ke rawi Abdullah bin Umar bin Al-Khattab hain, aapki kunniyat Abu Abdurrahman hai
- Aapko Nabi ﷺ ki sunnat se bahut zyada mohabbat thi aur unke sunnat par amal karne ke liye bahut koshish karte rehte the
- Islam ki buniyad 5 cheezo par rakhi gayi hai, ye 5 cheezein Islam ke sabse aham tareen aamaal me se hain. In 5 aamaal ko Islam ke arkaan kehte hain:
    - Shahadatain
    - Namaz qaayam karna
    - Zakat adaa karna
    - Baitullah ka Hajj karna
    - Ramzan ke Roze rakhna
- PEHLA RUKN - Shahadatain yani 2 shahadat ya 2 gawahi dena:
    - Pehla - Is baat ki gawahi dena ki Allah taa'la ke siwa koi sachha ma'bood nahi
    - Doosra - Is baat ki gawahi dena ki Muhammad ﷺ Allah taa'la ke Rasool hain
- Allah taa'la hi har qism ki ibadat ke layaq hai, ibaadat me uska koi shareek nahi, woh akela hai apni zaat me, apni ibaadaat me aur apne asmaa was sifaat me.

# Hadees # 3

Notes

- Agar insan koi amal ya ibadat Allah taa'la ke siwa kisi aur ke liye kare, chahe kisi Nabi ya koi farishte ke liye hi kare - toh woh amal shirk kehlayega aur uska karne wala shakhs mushrik kehlayega
- Pehla gawahi (La ilaaha illallaah) ko hi Tawheed kehte hain:
  - Tawheed Islam ka sabse azeem amal hai
  - Tawheed sabse bada khair aur neki ka amal hai
  - Tawheed akele qayamat ke din doosre tamaam aamaal par bhari pad jayega.
- Doosra gawahi ko Risalat ki gawahi kehte hain, jiska matlab hota hai ki Muhammad ﷺ Allah taa'la ke bande aur aakhri Rasool hain aur qayamat tak aane wale logo par Muhammad ﷺ ki itteba' ko farz kar di gayi hai
- La ilaaha illallaah (Tawheed) ke 2 arkaan hain:
  - Nafi
  - Isbaat
- Nafi ka maa'na hai tamaam jhoote ma'bood ka inkar karna
- Isbaat ka maa'na hai sirf ek Allah ke sachha ma'bood hone ka iqrar karna
- La ilaaha illallaah ke 7 shartein hain - Ilm, Yaqeen, Qubool, Inqiyaad, Sidq, Ikhlas, Mohabbat

# HADees # 3

Notes

- Muhammad ur Rasulullah ke 4 shartein hain:
  - Aapki batayi hui tamaam khabar ki tasdeeq karna aur dil se sach janna
  - Aapne jo hukm diya uspar amal karna
  - Aapne jis cheez se mana kiya us cheez se ruk jana
  - Allah taa'la ki ibaadat aap ﷺ ke tareeqe aur sunnat ke mutabiq karna
- DOOSRA RUKN - Namaz qaayam karna, yani poore khushoo aur khuzoo' (dhyaan) ke sath sunnat par amal karte hue, waqt ka lihaaz karte hue, jamaat ke sath namaz padhna
- TEESRA RUKN - Zakat adaa karna, yani saal guzarne par jo maal ya property aapke paas bachta hai uspar 2.5% zakat gareebo aur miskeeno aur zakat ke masaarif ke logo ko dena.
- CHAUTHA RUKN - Baitullah ka Hajj karna, yani agar istitaa'at ho, jismani tandrusti ho, aur utna maal ho toh zindagi me ek baar Allah taa'la ke ghar (Kabah) ka hajj karna
- PAANCHWA RUKN - Ramzan ke roze rakhna, yani Ramzan ke mahine me poore 29/30 din ke roze rakhna

# HADees # 4

Notes

- Is hadees ke rawi Abdullah bin Mas'ood radhiallahu anhu hain, aapki kunniyat Abu Abdurrahman hai
- Aap un sahabah me se hain jinhone Islam ke awwaleen daur me Musalman hue
- Aap bahut hi patle duble the, aapki pindli (shin) bhaut zyada patli thi, magar Allah ke Rasool ﷺ ne unke pindli ke bare me farmaya tha ki unka wazan Uhud pahaad se bhi zyada hai
- Is hadees me insan ke paidaish ke alag alag stages ka bayaan hua hai aur bataya gaya hai ki insan ka anjaam uske zindagi ke aakhri aamaal ke upar depend hota hai
- Insan ke pehle 3 marhale (stages) ye hain:
  - 40 din nutfe (fluid) ki shakal me
  - 40 din jame hue khoon (clot) ki shakal me
  - 40 din gosht ke lothade (lump of flesh) ki shakal me
- Itne dino ke baad uske paas ek farishta bheja jata hai jo usme rooh phoonkta hai aur us paida hone wale ke mutalliq 4 cheezo (taqdeer) ka likhne ka hukm diya jata hai
  - Rizq (provision) - kya khayega, kitna khayega
  - Umar (age) - kitna jeeyega
  - Amal (deeds) - kaisa amal karega
  - Achha ya bura (personality) - achha insan (jannati) banega ya bura insan (jahannami) banega

# HADees # 4

Notes

- Kabhi aisa hota hai ki ek shakhs poori zindagi jannatiyon jaisa amal karta rehta hai, lekin jab maut aane ka waqt hota hai toh jahannamiyon jaisa amal karne lagta hai aur choonki uske taqdeer me jahannam likha hota hai (jo farishte ne likha tha), toh woh jahannam me chala jata hai
- Kabhi aisa hota hai ki ek shakhs poori zindagi jahannamiyon jaisa amal karta rehta hai, lekin jab maut aane ka waqt hota hai toh jannatiyon jaisa amal karne lagta hai aur choonki uske taqdeer me jannat likha hota hai (jo farishte ne likha tha), toh woh jannat me chala jata hai
- Iska maa'na yeh hai ki taqdeer me jo likh diya jata hai woh ho kar hi rehta hai
- Insan apne taqdeer ke wajah se jannat ya jahannam me nahi jata balki sahi ya galat raaste ke chunne ke apne faisle ke wajah se jata hai, har insan ka yeh faisla Allah taa'la ko uske paida karne ke pehle se hi ilm hota hai jiske buniyad par woh farishta ko likhne ka hukm deta hai
- Issey ye sabaq milta hai ki marte dam tak ek insan ko achhe aur nek aamaal karte rehna chahiye, kyonki usey apne anjaam ka ilm nahi

# Hadees # 5

Notes

- Is hadees ke rawi Aisha bint Abi Bakr radhiallahu anhuma hain
- Aap ki kunniyat Umm Abdullah hai, agarche aapki koi aulaad nahi thi
- Umm-ul-Mu'mineen ka maa'na hai tamaam musalmano ki maa
- Allah ke Nabi ﷺ ki tamaam biwiyaan musalmano ke maa ki haisiyat rakhti hain
- Aap ka Nabi ﷺ ki zawjiyat me aane wali biwiyon me se teesra number hai (Khadijah aur Sawda radhiallahu anhuma ke baad)
- Is hadees me bid'at ki mazammat bayan hui hai
- Bid'at har us aqeede ya amal ko kehte hain jo deen ya Islam ka hissa samajh kar kiya jaye magar deen aur sharee'at me uski koi daleel na ho
- Deen me har nayi cheez bid'at hai aur har bid'at gumraahi hai aur har gumraahi jahannam me le jane wai hai
- Bid'at ka ijaad karne wala ya uspar amal karne wale ko bid'ati kehte hain

# Hadees # 5

Notes

- Bid'at ek kabeera gunaah hai
- Bid'at bahut khatarnaak amal hai kyonki is par amal karne wala usey deen samajh kar aur sawab ki ummeed se karta hai, isliye aise amal me usey taubah karne ki taufeeq nahi milti
- Nabi ﷺ ne farmaya ki har bid'at wala amal mardood hai - yaani rejected hai aur uspar sawaab toh door ki baat, ulta gunaah milega
- Deen mukammal ho chuka hai, isme kami ya zyadati karne ki koi gunjaaish nahi hai
- Is hadees se yeh bhi pata chalta hai ki deen wahi hai jiska hukm Nabi ﷺ ne diya ho, jo Qur'an me aaya ho ya saheeh hadees me aaya ho
- Bid'at na sirf ek bura amal hai balki musalmano me ikhtilaaf ki bhi ek wajah hai, isliye hame har qism ki bid'aat se bachna chahiye

# Hadees # 6

Notes

- Is hadees ke rawi Nu'man bin Basheer radhiallahu anhu hain jinki kunniyat Abu Abdullah hai
- Aap ek Ansari sahabi the, aapke walid Basheer bin Sa'd bhi sahabi the
- Halal cheezo ka hukm bilkul wazeh hai aur haram cheezo ka hukm bhi bilkul wazeh hai
- Kuch cheezen aise hain jinka hukm wazeh nahi hai jisey mushtabihaat kehte hain yaani doubtful cheezen
- Mushtabihaat (doubtful) cheezo ke baare me Nabi ﷺ ne farmaya ki ussey door rahen kyonki unme padne se haram cheezo me padne ka darr rehta hai
- Misal ke taur pe agar koi non-veg khana ke baare me pata nahi chal paye ki woh halal hai ya nahi toh usey nahi khana chahiye
- Mushtabihaat se bache rehne se ek Musalman apna deen bhi bacha leta hai
- Allah taa'la ne halal aur haram ki hadd mutayyan kiya hai, jissey bahar nikalna uski nafarmani hogi
- Haram se bachne ka talluq dil se hai, agar dil sahi rahega toh poora jism sahi rehta hai aur insan haram se bacha hua rehta hai, agar dil me mayl ho, lalach ho, zyada paane ki khwahish ho etc. toh uske wajah se haram me pad kar poora jism bhi kharab ho jata hai
- Dil ke maamlaat ko sahi rakhna bahut zaroori hai
- Koi bhi cheez doubtful lage ya usme haan naa ki jhijak ho toh ek Musalman ko chahiye ki ussey door rahe

# Hadees # 7

Notes

- Is hadees ke rawi Tameem bin Aws Ad-Daari radhiallahu anhu hain jinki kunniyat Abu Ruqayyah hai
- Tameem bin Aws Nasrani (Christian) se Musalman hue the, aap woh sahabi hain jinhone apne ek safar me dajjal ko paaya aur ussey baat bhi ki aur baad me wapas aakar Nabi ﷺ ko poora qissa sunaya
- Is hadees me yeh bataya gaya ki Deen naseehat aur khair-khwahi ka naam hai yaani deen ka daromadaar naseehat, hamdardi aur khair khwahi par hai
- Jab sahabah ne poocha ki naseehat aur khair khwahi kiske liye hai, toh Nabi ﷺ ne 5 cheezen farmaya:
    - Allah ke liye - yaani Allah par Iman laye, uske ahkaam par amal kare aur uske sath kisi ko shareek na kare
    - Allah ke kitab ke liye - yaani Qu'ran par Iman laye, uski tilawat kare, uski taazeem kare, aur uspar gaur o fikr karke amal kare
    - Allah ke Rasool ke liye - yaani aap ﷺ ki risalat par Iman laye, aapse mohabbat kare, aapki taazeem aur difaa kare aur aapke sunnat o ahkaam par amal kare
    - Musalmano ke hukmarano (rulers) ke liye - yaani deen ke hudood (boundaries) me rehkar hukmarano ki itaa'at kare, unhe achhe mashwara de, unhe zulm o zyadati karne se roke aur unke khilaaf bagaawat na kare
    - Aam musalmano ke liye - yaani unke sath hamdardi kare, husn-e-sulook se pesh aaye, ek doosre ko faidah pahunchaye, kisi ko takleef na de, bado ki izzat kare aur bhalayi ka hukm de aur burayi se roke

# HADees # 8

Notes

- Is hadees ke rawi Abdullah bin Umar bin Al-Khattab radhiallahu anhuma hain
- Is hadees me ye bataya gaya ki - Jo shakhs Tawheed aur Risalat ka iqrar karta ho, Namaz adaa karta ho aur Zakat deta ho - Islam me uski jaan aur maal mahfooz hota hai yaani usey koi doosra Musalman qatl nahi kar sakta aur na hi uska maal hadap sakta hai
- Jung ke maidan me bhi agar koi zubaan se kalimah padh leta hai toh usey nahi maara jayega aur uska maal bhi ussey nahi cheena jayega
- Jo shakhs kalimah padh kar Islam par amal karne lage toh uska khoon aur maal (property) logo se mahfooz ho jayega
- Lekin agar sharee' hadd (Islamic Criminal Punishment) uspar laazim ho jaye jaise Qisas (Qatl ke badle qatl - uspar murder ya qatl karne ka jurm saabit ho jane par) toh yeh alag baat hai aur badle me usey qatl kiya ja sakta hai
- Agar uska jurm saabit nahi ho paaya ya uske jurm ke baare me kisi ko pata nahi chal paya toh bhi uski jaan aur maal ki hifazat hogi aur uska maamla aur hisaab qayamat ke din Allah taa'la karega

# Hadees # 9

Notes

- Is hadees ke rawi Abu Hurairah radhiallahu anhu hain
- Aap ka asal naam Abdurrahman bin Sakhr Ad-Dawsi tha, aap Daws qabeele (jo Yemen ka ek qabeela tha) se talluq rakhte the
- Aap bahut se billiyan paale hue the, isliye aapka laqab aur kunniyat Abu Hurairah pad gaya
- Is hadees me is baat ka sabaq hai ki Nabi ﷺ ki itaa'at aur farmabardaari karna farz hai
- Nabi ﷺ ne jis cheez ko karne ka hukm diya, usey karna hamare upar zaroori hai
- Nabi ﷺ ne jis cheez ko karne se mana kiya, ussey ruk jana hamare upar zaroori hai
- Karne me aur na karne me, dono me Nabi ki itaa'at farz hai
- Misaal ke taur pe -
    - Nabi ﷺ ne hukm diya ki Masjid me jamaat ke sath 5 waqt namaz padhna hai
    - Nabi ﷺ ne sharaab peene se mana kiya
- Dono tarah ke hukm ko manna zaroori hai

# Hadees # 9

Notes

- Jo kaam karne ko kaha gaya hai usey apni istitaa'at (ability) aur qudrat ke mutabiq karni chahiye yaani jahan tak mumkin ho jis hadd tak mumkin ho us hadd tak kare
- Purane zamane ke logo ki barbadi, tabahi aur halaak hone ke 2 wajah batayi gayi hai
  - Bahut zyada sawaal karna - yaani be-wajah, gair zaroori aur faaltu ke sawal karna jissey kisi ka koi faidah nahi
  - Ambiya se ikhtilaaf - yaani Nabi jo karne ka hukm den ya jis cheez se mana kar den usme heela aur bahana dhoondna, apni khwahish aur pasand napasand ko tarjeeh dena aur Nabi ki nafarmani karna

# HADees # 10

Notes

- Is hadees ke rawi Abu Hurairah radhiallahu anhu hain
- Is hadees me bataya gaya hai ki Allah taa'la paak hai aur woh sirf paak cheezo ko hi qabool karta hai
- Is hadees me halal rizq kamane ki ahmiyyat batayi gayi hai
- Aamaal ke qabool hone ki ek shart yeh hai ki rizq halal hona chahiye, agar haram tareeqe se kamayenge toh aamaal (dua, namaz, zakat etc.) qabool nahi honge
- Nabiyon ko bhi aur aam musalmano ko bi halal aur pakeezah rizq kamane ka hukm diya gaya hai
- Is hadees me ek aise musaafir shakhs ki misaal di gayi hai jo bahut pareshan, maile kapdo me, dhool mitti se paraganda haal me apne Rabb ko pukarta hai, ussey dua karta hai lekin uski dua qabool nahi hoti kyonki uska khana haram hai, uska peena haram hai, uske kapde haram paiso se hain aur uska gizaa bhi haram tareeqe se kamaye hue hain.
- Jo shakhs haram kama-kar usme se sadaqah kare toh usey koi sawab nahi milega balki ulta uske upar gunah likha jayega
- Jo shakhs paak rizq me se ek khajoor bhi sadaqah karta hai toh Allah taa'la usey daayen hath me le leta hai aur woh usey (sadaqe ko) badhata rehta hai yahan tak ke woh pahad se bhi badi ho jati hai
- Behtareen kamayi apne hath ki kamayi hai, Dawood A.S. khud kama-kar khaya karte the
- Mazloom aur musaafir ki dua aur waalid ki bete ke haqq me dua zaroor suni jati hai ba-shart yeh ke unme se koi haram na khata ho
- Ye saari tafseel se rizq-e-halal ki ahmiyyat aur rizq-e-haram ki mazammat khoob wazeh hoti hai

# HADEES # 11

Notes

- Is hadees ke rawi Nabi ﷺ ke nawase Hasan bin Ali bin Abi Talib radhiallahu anhuma hain
- Aap Ali bin Abi Talib aur Fatimah bint Muhammad radhiallahu anhuma ke bade bete the
- Aap Musalmano ke 5th kahlifah the, aapki muddat-e-khilafat qareeb 6 mahine rahi
- Halal aur haram bilkul wazeh hai aur jo mushtabihaat (doubtful) cheezein hain jinka hukm wazeh nahi hai ussey bachna chahiye
- Jo shakk wali cheezon me padega woh haram me pad sakta hai aur apne Deen aur Iman me nuqsan kar sakta hai
- Neki husn-e-akhlaq (good character) ka naam hai aur gunah woh hai jo bat tumhare dil me khatke, jo baat ya amal tumhare dil me khatak raha ho ussey door rehna chahiye
- Ek martaba ek sahabi ne Rasulullah ﷺ se poocha ki neki kya hai aur gunah kya hai? Toh Aap ne 3 baar farmaya - Apne dil se poocho - uske baad farmaya ki neki woh hai jissey dil mutma'in ho aur dil ko sukoon mile aur jis baat se dil me be-chaini ho, ya joh baat bura lage woh gunah hai
- Jis kaam se dil mutma'in na ho ussey door rehna chahiye, taqwa aur parhezgari isi cheez ka naam hai

# Hadees # 12

Notes

- Is hadees ke rawi Abu Hurairah Abdurrahman bin Sakhr Ad-Dawsi radhiallahu anhu hain
- Is hadees me Rasulullah ﷺ ne ek insan ke Islam ke kaamil hone ki nishani batayi hai woh yeh hai ki - Jis kaam se uska koi matlab na ho, koi lena dena na ho, be-fazool ho, be-maqsad ho, jissey faidah na ho, aise kaamo ko chod de
- Yeh Islam ki khoobiyon me se hai ki bekaar ki cheezon se apne aap ko door rakhe
- Issey aise kaam muraad hain jissey na duniyawi faidah ho aur na hi aakhirat ka koi faidah ho
- Ye sifat (bekaar cheezo se door rehna) aakhirat me kamiyab hone ka ek zariya hai
- Kuch be-fazool aur bekaar ke kaamo me se yeh hain:
    - Gheebat aur chugli karna
    - Tafreeh (ghoomne phirne, leisure time) mein waqt zaaya karna
    - Choti baato par behas aur jhagde karna
    - Doosro ke maamlaat mein dakhal dena
    - Zaroorat se zyada cheezein jamaa karna
    - Shohrat aur maqam ke peeche bhagna
    - Waqt ka zaaya karna
    - Khana aur aish-o-aaraam mein hadd se zyada mashgool rehna
    - Bekaar khelo me mashgool rehna jaise - Taash, chess, cricket, patang udana wagairah

# Hadees # 13

Notes

- Is hadees ke rawi Anas bin Malik radhiallhu anhu hain, aapki kunniyat Abu Hamzah hai.
- Aap khadim-e-Rasool ke laqab se bhi jane jate hain kyonki jab Nabi ﷺ Makkah se Madinah hijrat kiye toh Anas bin Malik ke walidah ne Anas ko aap ﷺ ki khidmat ke liye laga diya, aapki umr us waqt 10 saal thi
- Tamam Musalman aapas me bhai bhai hain - Allah taa'la ne iman walo ko kalimah la ilaaha illallaah ke buniyad par aapas me bhai qarar diya hai
- Ek momin doosre momin ke liye bahut mukhlis hona chahiye aur uske haqq me hamdardi rakhna chahiye
- Ek Musalman apne liye jo pasand kare, doosre Musalman bhai ke liye bhi wahi cheez pasand kare
- Aisa nahi hona chahiye ki apne liye umda aur achhi quality rakhe aur doosre bhai ke liye kharaab quality ke cheezein de, aisa amal bhaichare ke khilaf hai aur isi se Allah ke Rasool ﷺ ne mana farmaya hai
- Bhaichare ko Iman ki pehchan bataya gaya hai, aur bhaichare ka na paye jane ko Iman me nuqs bataya gaya hai
- Nabi ﷺ ne farmaya - Jo pasand karta hai ki usey Jahannam se chutkara mil jaye aur Jannat me daakhila mil jaye toh usey is haalat me maut aaye ke woh Allah taa'la aur Qayamat ke din par Iman rakhe aur logo ke sath wahi sulook rakhe jo woh khud apne liye pasand karta ho
- Jo shakhs chahta hai ki log uski izzat karen toh usey chahiye ki woh bhi doosro ki izzat kare

# HADees # 14

Notes

- Is hadees ke rawi Abdullah bin Mas'ood radhiallahu anhu hain
- Agar koi insan kalimah padh lene ke baad Musalman ho jaye toh ab woh Allah taa'la aur uske Rasool ke amaan (security) aur panaah (refuge) me aa jata hai
- Uska maal aur jaan doosre Musalmano par haram ho jata hai, yaani na koi Musalman uska maal hadap sakta hai aur na hi koi usey qatl kar sakta hai, magar 3 soorato me aisa karna jayaz hoga (Islami hukumat ke andar):
  - Shadi-shuda zaani - Zina ek be-hayayi aur kabeera gunah hai aur agar koi shadi-shuda insan yeh jurm kare toh islami hukumat me usey qatl kiya ja sakta hai, agar gair shadi-shuda ye jurm kare toh uski sazaa 100 kode marna hai
  - Jaan ke badle jaan - isey Qisas kehte hain - yaani koi Musalman kisi doosre Musalman ka na-haqq qatl kar de toh islami hukumat me qaatil ki sazaa qatl hai matlab qatl ke badle qatl
  - Deen ka taarik - isey Irtidaad kehte hai - yaani koi Musalman agar Islam se phir jaye aur Islam ka inkaar kar de aur kahe ki maine Islam ko chod diya hai aur Christianity ya Hinduism ya Atheism ya aur koi deen ko qubool kar liya hai toh usey Murtad kehte hai aur ye amal ek Muslim mulk aur islami hukumat me rehkar kare toh uski sazaa qatl hai
- In 3 tarah ke jurm me qatl ki sazaa hai kyonki ye teeno jurm Islam me nihayat ki khatarnaak aur bahut bade gunah hain
- Qatl ki sazaa sirf in teeno jurm ke liye hi nahi hai balki inke alawa bhi kuch aise khatarnaak jurm hain jisme qatl ki sazaa hai

# Hadees # 15

Notes

- Is hadees ke rawi Abu Hurairah radhiallahu anhu hain
- Is hadees me Rasulullah ﷺ ne maashre ke aadaab ke silsile me 3 aham baton ke taraf rahnumayi farmayi hai.
- Aap ne farmaya jo shakhs Allah taa'la aur Qayamat ke din par Iman rakhta hai usey yeh kaam karna chahiye:
    - Jab baat kare toh achhi baat kare warna khamosh rahe:
        - Zabaan ka sahi istemaal karne se duniya aur aakhirat ki khushi mil jati hai
        - Zabaan ka galat istemaal karne se insan ke liye tabahi ka rasta khul jata hai
        - Aapne ek martabah Muaz bin Jabal se farmaya tha - Aye Muaz, apni zabaan ko qaabu me rakhna
        - Bahut se logo ko muh ke bal Jahannam me le jana wala amal Zabaan ki guftgu hogi
        - Jo zyada baatein karega uski galtiyan aur gunaah bhi zyada hi honge
        - Agar sahi aur durust baat nahi kar sake toh khamosh rahe
    - Padosi ki izzat aur ikraam kare
        - Padosi ke bhi insan ke zimme bahut se huqooq hain, jinme se ek yeh hai ki uski izzat o ehtaram kare

# Hadees # 15

Notes

- Padosi ko apne hath aur zabaan se takleef na de
- Nabi ﷺ ne farmaya - Allah taa'la ki qasam, woh imandaar nahi hai jo apne padosiyon ko takleef deta ho
- Padosiyon ke sath achha sulook karna wajib hai

○ Mehmaano ki izaat aur ikraam kare

- Mehmaano ki khatir mumkin hadd tak karna chahiye
- Mehmaano ki izzat aur takreem achhe akhlaq me se hai
- Mehmaan ke aane se narazgi mahsoos karna Islam aur akhlaaq ke khilaaf hai
- Mezbaan par mehmaan ke liye takalluf khana ek din ek raat hai lekin ziyafat 3 din tak hai, uske baad ki khidmat sadaqah hai

• Lihaza in teen kaamo par amal karne se maashre me sudhaar aa sakta hai aur musalmano ke aapsi rishte aur bhaichare me mazbooti aa sakti hai

# Hadees # 16

Notes

- Is hadees ke rawi Abu Hurairah radhiallahu anhu hain
- Is hadees me gussa na karne ki talqeen ki gayi hai
- Gussa aana insani fitrat me se hai, gusse ke kuch sabab (reason) aur wajeh bhi ho sakti hai jo fitrati ho
- Kuch logo ko bina wajeh bhi gussa aata hai, aise gusse se mana kiya gaya hai
- Gussa ikhtilaf aur narazgi ka sabab hota hai
- Jab gussa aa jaye toh usey khatm karne ki koshish karni chahiye
- Gussa pee jana Allah walo ki sifat hai jaisa ki Qur'an me aaya hai (Nisa:134)
- Jab Allah walo ko gussa aata hai toh woh mu'aaf kar dete hain
- Gusse me kabhi kabhi insan apna aur doosro ka nuqsan kar baithta hai, isliye Nabi ne farmaya ki jab gussa aaye aur khade ho toh baith jaya karo, agar baithe hue ho toh layt jao
- Lekin shari'at ke maamle me gussa aana jayaz hai, jaise agar kisi ko deen ka mazaaq karte hue paaye toh gussa aana, khule taur par haram kaam kare toh gussa aana, aulaad ka namaz na padhne par gussa aana wagairah
- Shari'at me gussa ki bahut zyada mazammat aur mumaniyat aayi hai aur gussa pee jane aur mu'aaf karne ki badi taakeed aur fazeelat hai

# HADees # 17

Notes

- Is hadees ke rawi Shaddad bin Aws radhiallahu anhu hain, jinki kunniyat Abu Yaa'la hai
- Is hadees me yeh sabaq hai ki Allah taa'la ne har ek sath achha sulook karne ka hukm diya hai
- Ihsan ka maa'na hota hai - neki, husn-e-sulook, achha bartao, narmi aur kisi kaam ko mahaarat se anjaan dena (perfection)
- Islam me ihsan ki badi ahmiyyat hai, Qur'an e kareem me bhi Allah taa'la ne Ihsan ka hukm diya hai (Qasas, 77)
- Allah taa'la ihsan karne walo ko pasand karta hai (Baqarah, 195)
- Ihsan ka badla ihsan hi hai - yaani doosro ke sath achha sulook karne wale ko badle me achha sulook milega
- Jung me maidan me kisi ko qatl kare, toh bhi maqtool ka lihaaz rakhe, muslaa na kare aur hadd se aage na badhe
- Isi tarah kisi jaanwar ko khane ke liye zabah kare toh ihsan ke sath zabah karna chahiye - yaani zabah se pehle usey paani pilaya jaye, choori ko tez karke zabah kare, choori ko jaanwar se chupa kar rakha jaye, usey narm zameen par litaya jaye - ye sab kaam ihsan me shamil hai

# HADees # 18

Notes

- Is hadees ke rawi 2 sahabi hain - Abu Zarr Al-Ghifary aur Muaz bin Jabal radhiallahu anhuma
- Abu Zarr ka asli naam Jundub bin Junadah hai, magar aap Abu Zarr ke naam hi se zyada mashoor the, aap Ghifaar qabeele se talluq rakhte the
- Abu Zarr Al-Ghifary awwaleen Islam qabool karne walo me se hain aur aap muhajir sahabi hain
- Muaz bin Jabal ki kunniyat Abu Abdurrahman hai aur aap aalim sahabah me shumar hote hain - aapko halal aur haram ka sabse zyada ilm tha
- Aapko Nabi ﷺ ne Yemen ke taraf bheja taake ahle-kitab (nasaara aur yahood) ko Islam ki dawat de
- Is hadees me Nabi ﷺ ne Abu Zarr aur Muaz bin Jabal ko 3 naseehatein farmayi:
    - TAQWA
        - Ham jahan kahin bhi rahen chahe khule me ya tanhayi me, safar me ya hazar me, ghar me ya bahar, masjid me ya market me, har haal me aur har jagah Allah se darte rehna chahiye
        - Taqwa ka asal matlab hai Allah se darte hue har gunaah aur haram kaamo se bachna
        - Hame zindagi ke har maamle me jaise personal zindagi, office ya business life me, miyaa-biwi ke maamle me, bachho ki tarbiyat me, rizq, ibaadat, maamlaat aur len-den me aur doosre tamam maamlo me haram ko pehchan kar ussey bachna chahiye - yehi Taqwa hai

# HADees # 18

Notes

- TAUBAH
    - Har gunah ke baad Allah taa'la se sachhi taubah karni chahiye aur us gunah ke baad koi neki kar lena chahiye taaki woh neki us gunah ko mita de
    - Beshakk nekiyaan gunahon ko mita deti hain (Surah Hood, 114)
    - Har gunah ke baad ye 4 kaam karna chahiye
        - Apne gunah par sharminda ho
        - Fauran us gunah se taubah kare
        - Woh gunah dobara na karne ka azm kare
        - Koi nek amal kare – jaise 2 rakat namaz padhe, kisi gareeb ko khana khila de, ya sadaqah kare wagairah
- ACHHE AKHLAQ
    - Logo ke sath hamesha achhe akhlaq se pesh aana chahiye
    - Iman walo me se sabse kaamil Iman wala woh hai jiske akhlaq sabse achhe hain
    - Nabi ﷺ ne farmaya – Beshakk ek momin apne achhe akhlaq ke wajah se rozedar aur tahajjud-guzar ka darja paa leta hai
    - Nabi ﷺ ne farmaya – Neki achhe akhlaq ka naam hai

- Khush-gawaar zindagi ke yeh 3 formule hain – Taqwa, Taubah aur Achhe akhlaq

# Hadees # 19

Notes

- Is hadees ke rawi Abdullah bin Abbas radhiallahu anhu hain, aapki kunniyat Abul Abbas hai
- Aap kam-umr sahabah me se the aur aapke liye Nabi ﷺ ne Qur'an ka ilm aur gehri samajh ki dua farmayi thi
- Is hadees me Nabi ﷺ ne taqdeer aur tawakkul ke talluq se Abdullah bin Abbas ko kuch mufeed baatein batayi hain:
    - Aap Allah ke deen ki hifazat karenge, toh Allah aapki hifazat karega - yaani agar aap Allah ke sharee'at ke ahkaam, halal aur haram, faraaiz aur wajibaat, sunan aur nawaafil par amal karenge, toh Allah pareshani aur mushkil ke waqt aapki madad karega, khush-haal zindagi dega, aakhirat me aapko Jahannam se najaat dega, Allah aapke madad ke liye hamesha tayyar rahega aur aap uske fazl, karam aur rahmat me rahenge
    - Khush-haali me Allah ke taraf paltenge, toh Allah tang-dasti me aapke taraf paltega - yaani achhe waqt me bhi Allah taa'la ko yaad rakhen, uske diye hue ne'maton ka shukr adaa karen aur uske ahkaam par amal karte rahen, toh woh aapko pareshani ke haalaat me yaad rakhega aur aapki madad farmayega
    - Jab bhi madad maangna ho toh Allah hi se maange - gairullah se madad maangna shirk hai, aur Allah se madad maangna tawheed hai

# Hadees # 19

Notes

- Poori duniya agar aapko kuch faidah pahuchana chahe toh sirf utna hi faidah pahuncha sakte hai jitna Allah ne aapke taqdeer me likh di hi aur poori duniya agar aapko kuch nuqsan pahuchana chahe toh sirf utna hi nuqsan pahuncha sakte hai jitna Allah ne aapke taqdeer me likh di hai – yaani Allah taa'la ne jo taqdeer me likh di hai woh ho kar rahega, nafa' aur nuqsan ka maali sirf Allah taa'la hai, isliye nafa' Allah hi se maangna chahiye aur nuqsan se mahfooz rehne ke liye bhi Allah hi se dua karni chahiye
- Qalam (jis qalam se taqdeer likhi gayi thi) utha liye gaye hain aur saheefe (jis par likha gaya tha) khushk ho chuke hain – yaani taqdeer me jo likh diya gaya hai wahi hoga, lihaza taqdeer par iman rakhna zaroori hai chahe woh achhi ho ya buri
- Allah taa'la ki madad sabr karne se milti hai – pareshani ke waqt sabr karne se Allah ki nusrat aur madad milti hai
- Tangi ke baad aasaani aati hai – yehi is zindagi ki haqeeqat hai, tangi hamesha nahi rehti, isliye sabr se kaam lete hue Allah taa'la se dua karte rehna chahiye

# Hadees # 20

Notes

- Is hadees ke rawi Uqbah bin Amr radhiallahu anhu hain, aapki kunniyat Abu Mas'ood hai, aap ek ansari sahabi hain aur Badri bhi hain - Badri sahabi woh sahabi ko kehte hain jo jung-e-badr me shareek the
- Is hadees me Nabi ﷺ ne Hayaa yaani sharm ki ahmiyyat batayi hai
- Hayaa tamaam ambiya aur rusul ke paigaam ka hissa tha
- Hayaa ko Iman ka hissa kaha gaya hai
- Hayaa us fitri jazbe (natural emotion/tendency) ko kehte hain jo insan ko neki aur bhalayi se mohabbat dilata hai aur burayi ke kaamo se nafrat dilata hai, lihaza ek insan ke Iman ka taqaza hai ki woh ba-Hayaa ho
- Iman ke 70 se zyada darje (levels) hain, unme se sabse afzal darja La ilaaha illallaah yaani tawheed hai aur sabse kamtar darja raste se pathhar ya takleef dene wali cheez ko hatana hai, Hayaa bhi Iman ka ek darja hai
- Jab insan me sharm-o-hayaa ka jazbaa na rahe toh ussey kisi neki, bhalayi aur khair ki ummeed nahi ki ja sakti, isiliye Nabi ﷺ ne farmaya ki jab koi insan hayaa chod de toh jo dil chahe kare - yaani Nabi ﷺ ne aise be-hayaa insan se bezaari ka izhaar farmaya

# حدیث اور اس کے راوی

## Arba'een An Nawawi

| Rawi e Hadees | Hadees Topic | Hadith # |
|---|---|---|
| عُمَرَ بْنِ الْخَطَّاب | ۱۔ اصلاحِ نیت کی ضرورت واہمیت | 1 |
| عُمَرَ بْنِ الْخَطَّاب | ۲۔ اسلام' ایمان اور احسان کے مفاہیم | 2 |
| عَبْدِاللهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّاب | ۳۔ ارکانِ اسلام | 3 |
| أَبِي عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَبْدِاللهِ بْنِ مَسْعُودٍ | ۴۔ انسان کے تخلیقی مراحل اور انجام آخرت | 4 |
| أُمِّ عَبْدِاللهِ عَائِشَةَ | ۵۔ مذمت بدعت | 5 |
| أَبِي عَبْدِاللهِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ | ۶۔ حلال' حرام اور اصلاحِ قلب | 6 |
| أَبِي رُقَيَّةَ تَمِيمِ بْنِ أَوْسٍ الدَّارِيِّ | ۷۔ اخلاص' خیرخواہی' وفاداری | 7 |
| ابْنِ عُمَرَ | ۸۔ تحفظ جان و مال مسلم | 8 |
| أَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِالرَّحْمَنِ بْنِ صَخْرٍ | ۹۔ اطاعت رسول کی فرضیت اور کثرت سوالات کی ممانعت | 9 |
| أَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِالرَّحْمَنِ بْنِ صَخْرٍ | ۱۰۔ اکل حلال کی اہمیت اور کسب حرام کی مذمت | 10 |

# حدیث اور اس کے راوی

## Arba'een An Nawawi

| Rawi e Hadees | Hadees Topic | Hadith # |
|---|---|---|
| أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ | ۱۱۔ اجتناب شبہات | 11 |
| أَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِالرَّحْمَنِ بْنِ صَخْرٍ | ۱۲۔ مسلمانوں کا غیر متعلق امور سے اجتناب و احتراز | 12 |
| أَبِي حَمْزَةَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ | ۱۳۔ اسلامی اخوت، تکمیل ایمان | 13 |
| أَبِي عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَبْدِاللهِ بْنِ مَسْعُودٍ | ۱۴۔ خونِ مسلم کی حرمت اور جواز قتل کی تین صورتیں | 14 |
| أَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِالرَّحْمَنِ بْنِ صَخْرٍ | ۱۵۔ اسلامی آدابِ معاشرت | 15 |
| أَبِي هُرَيْرَةَ عَبْدِالرَّحْمَنِ بْنِ صَخْرٍ | ۱۶۔ غصہ سے ممانعت | 16 |
| أَبِي يَعْلَى شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ | ۱۷۔ ہر کام سلیقے سے اور ہر ایک سے حسن سلوک | 17 |
| أَبِي ذَرٍّ جُنْدُبِ بْنِ جُنَادَةَ | ۱۸۔ تقویٰ اور حسن اخلاق | 18 |
| أَبِي الْعَبَّاسِ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبَّاسٍ | ۱۹۔ تقدیر اور توکل | 19 |
| أَبِي مَسْعُودٍ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو | ۲۰۔ شرم و حیا جزو ایمان ہے | 20 |

# HADEES AUR USKE RAWI

## Arba'een An Nawawi

Hadees # 1 - Islah e niyyat ki zaroorat aur ahamiyyat - Umar bin Al Khattab

Hadees # 2 - Islam, Iman aur Ihsan ke mafaahim - Umar bin Al-Khattab

Hadees # 3 - Arkan e Islam - Abdullah bin Umar

Hadees # 4 - Insan ke takhleeqi maraahil aur anjaam e aakhirat - Abdullah bin Masood

Hadees # 5 - Mazammat e bid'at - Aisha bint Abu Bakr

Hadees # 6 - Halal, haram aur islah e qalb - Nu'man bin Basheer

Hadees # 7 - Ikhlas, khair-khwahi aur wafa-daari - Tameem bin Aws Ad-Daari

Hadees # 8 - Musalman ke jaan aur maal ki hifazat - Abdullah bin Umar

Hadees # 9 - Itaa'at e rasool ki farziyyat aur kasrat e sawal ki mumaniyat - Abu Hurairah

Hadees # 10 - Halal khane ki ahmiyyat aur haram kamane ki mazammat - Abu Hurairah

Hadees # 11 - Shubahaat se ijtinaab - Hasan bin Ali bin Abi Talib

Hadees # 12 - Musalman ka gair mutalliq kaamo se ijtinab - Abu Hurairah

Hadees # 13 - Islami bhaichara aur takmeel e iman - Anas bin Malik

Hadees # 14 - Musalman ke khoon ki hurmat aur jawaz e qatl ki 3 sooratein - Abdullah bin Masood

Hadees # 15 - Islami mu'aashara ke aadaab - Abu Hurairah

Hadees # 16 - Gusse se mumaniyat - Abu Hurairah

Hadees # 17 - Har kaam saleeqe se aur har ek se husn e sulook - Shaddaad bin Aws

Hadees # 18 - Taqwa aur husn e akhlaaq - Jundub bin Junadah

Hadees # 19 - Taqdeer aur tawakkul - Abdullah bin Abbas

Hadees # 20 - Sharm o hayaa iman ka juz hai - Uqbah bin Amr